قَدۡ جَآءَكُمۡ مِّنَ اللّٰهِ نُوۡرٌ وَّكِتَابٌ مُّبِيۡنٌ

ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

مشقی کتاب

مرتب: اسماعیل احمد کاپودروی

ناشر: مدرسہ تعلیم الاسلام کاپودرا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد لاهله و الصلوٰة علی اهلها

ہمارے گجرات انڈیا کے باشندوں کی مادری زبان گجرتی ہے، مکتب میں بچوں کو اردو زبان سکھانے کے لئے اردو کا آسان قاعدہ یا اور کوئی اردو قاعدہ پڑھایا جاتا ہے اس کے بعد سیرت پاک کی ایک آسان اردو زبان میں حضرت مولانا حکیم شرافت حسین رحیم آبادی کی کتاب اللہ کے رسول ﷺ پڑھائی جاتی ہے۔

نصابی کتاب اللہ کے رسول ؐ کے مضامین سمجھانے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے بنیادی حقائق کو ذہن نشین کرانے میں یہ مشقی کتاب (ورک بک) انشاء اللہ معین ثابت ہوگی نیز بچوں کی استعداد اور عبارت فہمی میں اضافہ ہوگا اور بچے عبارت میں غور وفکر کر کے اس کے اہم نکات کو خود سمجھنے کی کوشش کرنے لگیں گے

﴿طریقۂ تدریس﴾

ذخیرۂ الفاظ کا تعارف:۔ نصابی کتاب اللہ کے رسول ؐ میں ہر سبق میں نئے مشکل الفاظ بلیک بوڈ پر لکھ کر طلبہ سے گفتگو فرمائیں اس کے گجراتی معنی بتائیں

سبق کا تعارف:۔ نصابی کتاب کے سبق کی عبارت مختلف طلبہ سے پڑھوائیں پھر خود پڑھیے کوئی بھی بچہ بے موقع وقف نہ کریں اس کا خیال رکھیں

سمجھانے کا انداز:۔ عبارت کے اہم نکات سمجھائیں اور سوالات کے ذریعہ معلوم کریں کہ بچوں نے سمجھا بھی ہے یا نہیں، جماعت بندی کر کے ایک دوسرے سے سوالات کا مکلّف بنائیں محض عبارت کا گجراتی ترجمہ کروادینا کافی نہیں ہے

مشقی کتاب کی معاونت:۔ مشقی کتاب میں دی گئیں مشقوں پر طلبہ سے تبادلۂ خیال کریں اگر ضرورت ہو تو پہلا سوال حل کروادیں دیگر سوالات اسی نہج پر بچوں سے حل کروائیں

استاذ کی ذمہ داری:۔ ہر بچے کی ورک بک ہمیشہ چیک کیجیے اور اس پر تبصرہ وہدایات تحریر کیجیۓ

کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں؟

بندے ۔ عبادت ۔ بادل ۔ برسایا ۔ پھل ۔

﴿سوالات﴾

(۱) سب کو کس نے پیدا کیا؟

(۲) اللہ نے سب کچھ کس کے لئے بنایا؟

(۳) ہم سب کون ہیں؟ (۴) اللہ کے بندے کیا کرتے ہیں؟

﴿جوابات پر سوال نمبر لگاؤ﴾

ہم سب اللہ کے بندے ہیں ﴿۳﴾

اللہ نے سب کچھ ہمارے لئے بنایا ﴿ ﴾

ہم سب کو اللہ نے پیدا کیا ﴿ ﴾

اللہ کے بندے اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں ﴿ ﴾

بنائی	لگائے	کھلائے	اُٹھائے	اُگائے

صحیح جواب پر گول دائرہ بنائیے۔ اور خالی جگہ پُر کیجیے۔

﴿۱﴾ ہم سب کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے کھلایا

﴿ماں ۔ باپ ۔ اللہ ۔ استاذ﴾

﴿۲﴾ اللہ نے۔۔۔۔۔۔بنایا

﴿زمین ۔ آسمان ۔ درخت ۔ سب کچھ﴾

﴿۳﴾ اللہ کے۔۔۔۔۔۔۔اللہ کی عبادت کرتے ہیں

﴿بندے ۔ فرشتے ۔ مخلوق﴾

﴿۴﴾ آسمان اور زمین۔۔۔۔۔۔نے بنائے

﴿مرد ۔ عورت ۔ اللہ ۔ استاذ﴾

مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجیئے

پیدا۔ انسانوں ۔ ہمارے ۔ اللہ۔ بادل ۔ عبادت

۱) اللہ تعالی نے ہم سب کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کیا

۲) اللہ نے سب کچھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لئے بنایا

۳) ہم سب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے بندے ہیں

۴) ہم سب اللہ کی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتے ہیں

۵) ۔۔۔۔۔۔ سے پانی ۔۔۔۔۔۔۔ نے برسایا

ہم نے سیکھا

اللہ نے ہم سب کو پیدا کیا۔

اللہ ہم سب کو کھلاتے ہیں اور پلاتے ہیں۔ سب کچھ اللہ نے ہمارے لئے بنایا اور ہم کو اللہ نے اپنے لئے بنایا۔

ہم اللہ ہی کے بندے ہیں اور اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں۔

پیارے بچو یاد کرلو

اَلْخَالِقُ. پیدا کرنے والا

اَللّٰہ ھو الخالق

اللہ سُبحَانَہٗ تَعَالٰی ہی

ہر چیز کو پیدا کرنے والا ہے

سوالات

(۱) کچھ نبیوں کے نام بتاؤ ؟

(۲) سب نبی کیسے تھے ؟

(۳) سب نبی کیا کہتے تھے ؟

(۴) نبی کن باتوں سے روکتے تھے ؟

(۵) نبی اگر نہ آتے تو ہم کس طرح رہتے ؟

سوالات پر جواب نمبر لگاؤ

(۱) سب نبی اچھے اور سچے تھے (۲) حضرت ابراہیمؑ ۔ حضرت اسماعیل حضرت موسیٰؑ ۔ حضرت داؤدؑ حضرت عیسیٰؑ (۳) نبی ہمیشہ بری باتوں سے اور برے کاموں سے روکتے تھے ۔ (۴) نبی ہمیشہ اچھی باتوں سے اور اچھے کاموں کہتے تھے ۔ (۵) نبی اگر دنیا میں نہ آتے تو ہم اچھی باتیں نہ جانتے اور اچھے کام نہ کرتے بلکہ ہم جانوروں سے بھی بری طرح رہتے

ذیل میں دئے گئے جملوں کو پڑھیئے اور بتائیے کہ وہ صحیح ہیں یا غلط

﴿وہ خاص لوگ جنھیں اللہ تعالی نے لوگوں تک اپنا پیغام پہچانے کے لئے چنا انبیاء کہلاتے ہیں﴾

صحیح — غلط

﴿کچھ پیغمبروں پر اللہ کی کتابیں نازل ہوئیں انھیں رسول کہتے ہیں﴾

صحیح — غلط

﴿ایک رسول نبی بھی ہوتا ہے﴾

صحیح — غلط

﴿ہر نبی رسول بھی ہوتا ہے﴾

صحیح — غلط

کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں

نبی — سلام — رحمت — رسول

سب سے زیادہ موزوں جواب کا انتخاب کیجیۓ اور خالی جگہ پر کیجیۓ

اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے پیغمبروں کی تعداد ....

❁ معلوم نہیں ہے ❁

❁ قرآن میں موجود ہے ❁

حضرت عیسیٰ علیہ السلام..

❁ اللہ کے بیٹے تھے ❁

❁ اللہ کے رسول تھے ❁

❁ اللہ کے نبی اور رسول تھے ❁

ہر مسلمان ایمان رکھتا ہے..

❁ اللہ کے بھیجے ہوئے سارے پیغمبروں پر ❁

❁ صرف حضور ﷺ پر ❁

❁ صرف حضرت آدمؑ پر ❁

جلی لفظوں کو معنی کے اعتبار سے درست ترین لفظ سے ملائیے

پیغام	خبر	خیالات	اخلاقی مذہبی تعلیمات
نبی	استاذ	اللہ کے احکام بندوں تک پہچانے والا	آسان
رسول	مدبّر	وہ پیغمبر جن پر اللہ کی کتاب نازل ہوئی ہو	

سچّے	اچھے	کہتے	بری

طرح	ہمیشہ	بہت	نہیں

۱) حضرت محمد ﷺ ہمارے ---------------- ہیں

۲) ہم رسول اللہ ﷺ کی ---------------- ہیں

۳) ہمیں ---------------- کی پیروی کرنی چاہیے

۴) نبی ---------------- نہیں کرتے تھے

فہرست الفاظ

رسول اللہ ﷺ ، برے کام، نبی، بندے، امت

ہم نے سیکھا

جب حضور ﷺ کا نام آئے تو ہمیں صلی اللہ علیہ وسلّم کہنا چاہیے

ہمیں سب سے زیادہ محبت آپ ﷺ سے کرنی چاہیے

ہمیں اللہ کے رسول ﷺ کی اطاعت کرنی چاہیے

پیارے بچو کیا آپ درود شریف کے فضائل جانتے ہیں اور آپ روزانہ کتنی مرتبہ درود شریف پڑھتے ہیں

ہمارے نبی ﷺ
اللہ کی کتابیں
کون سی کتاب کس
رسول پر نازل ہوئی
ہر دائرہ کو مناسب
دائرہ سے ملائیے
حضرت موسیٰ ؑ
انجیل
حضرت داوٗد ؑ
تورات
حضرت عیسیٰ ؑ
قرآن پاک
حضرت محمد ﷺ
زبور
آخری کتاب
حضرت محمد ﷺ
Maktab Ashraf
15

سوالات

﴿۱﴾ توراۃ کون لایا ؟۔

﴿۲﴾ زبور کون لایا ؟

﴿۳﴾ انجیل کون لایا ؟

﴿۴﴾ ہمارے نبی کیا لائے؟

﴿۵﴾ قرآن میں کیا ہے؟

﴿۶﴾ قرآن کس زبان میں ہے؟

﴿۷﴾ ان کتابوں کے نام بتاؤ جو اللہ نے اپنے نبیوں پر نازل فرمائیں

﴿۸﴾ اللہ کی آخری کتاب کا نام بتاؤ؟

﴿نیچے کے جملوں میں جواب تلاش کرو﴾

ہمارے نبیؐ قرآن لائے ۔قرآن میں اللہ کی باتیں اور نبیوں کے قصّے ہیں،اللہ کی باتیں سب سچّی ہیں ۔قرآن کی زبان عربی ہے۔قرآن اللہ کی آخری کتاب ہے۔

توراۃ ، زبور ، انجیل ، قرآن یہ سب آسمانی کتابیں ہیں جو اللہ نے اپنے نبیوں پر نازل فرمائیں

قرآن	زبان	عربی	کتابیں	قصّے

ہم نے سیکھا

آج قرآن شریف کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی کوئی بھی کتاب اصل حالت پر نہیں ہے بلکہ ان کے ماننے والوں نے اُن میں کمی بیشی کر دی ہے ۔ اور اللہ تعالی کی بہت سی تعلیمات کو ان کتابوں سے نکال دیا اب یہ کہنا مشکل ہے کہ اس میں اللہ کا اصل پیغام کیا ہے لہذا جو بات قرآن سے ملتی ہے اسکو مانا جائے گا اور جو بات قرآن سے نہیں ملتی اس کو نہیں مانا جائے گا، اللہ کا وعدہ ہے قرآن رہتی دنیا تک محفوظ رہے گا۔ اسلئے قیامت تک کسی اور آسمانی کتاب کی ضرورت نہیں ہے قرآن اللہ کی آخری کتاب ہے۔ اور ہمارے نبی ﷺ اللہ کے آخری نبی ہیں۔ جو ہمارے نبی ﷺ کو آخری نبی نہ مانے وہ کافر ہے

جنّت، دوزخ

ذیل میں دیئے گئے جملوں کو پڑھیں اور بتائیں کہ وہ صحیح ہیں یا غلط

﴿ اچھے آدمی جب اللہ کے پاس جائیں گے اللہ انکو جنت دیگا ﴾

صحیح — غلط

﴿ بُرے آدمی جب اللہ کے پاس جائیں گے اللہ انکو جنت دیگا ﴾

صحیح — غلط

﴿ بُرے آدمیوں سے اللہ ناخوش ہوتا ہے ﴾

صحیح — غلط

﴿ دوزخ میں جو کچھ چاہیں گے سب پائیں گے ﴾

صحیح — غلط

﴿سوالات﴾

﴿۱﴾ نبیوں کا کہنا کس نے مانا ؟ ﴿ ﴾

﴿۲﴾ کس نے نبیوں کا کہنا نہیں مانا ؟ ﴿ ﴾

﴿۳﴾ اللہ کس سے خوش ہوتے ہیں؟ ﴿ ﴾

﴿۴﴾ اللہ کس سے ناخوش ہوتے ہیں؟ ﴿ ﴾

﴿۵﴾ اچھے آدمیوں کو اللہ کیا دے گا؟ ﴿ ﴾

﴿۶﴾ بُرے آدمیوں کو اللہ کیا دے گا؟ ﴿ ﴾

﴿سولات پر جواب نمبر لگاؤ﴾

﴿۱﴾ اچھے آدمیوں سے اللہ خوش ہوتا ہے۔

﴿۲﴾ بُرے آدمیوں نے نبیوں کا کہنا نہیں مانا۔

﴿۳﴾ اچھے آدمیوں نے ہمیشہ نبیوں کا کہنا مانا۔

﴿۴﴾ اچھے آدمی جب اللہ کے پاس جائیں گے تو اللہ انکو جنّت دیگا۔

﴿۵﴾ بُرے آدمی جب اللہ کے پاس جائیں گے تو اللہ انکو دوزخ دیگا

﴿۶﴾ بُرے آدمیوں سے اللہ ناخوش ہوتا ہے۔

جنت کی نعمتیں اور دوزخ کے عذاب کی فہرست نیچے تحریر کی گئی ہے انھیں الگ کرکے صحیح کالم میں لکھئے

فہرست:

﴿بہت اچھے مکان۔ آگ۔ باغ۔ بہت اچھے پھل۔ خون۔ ہر طرح کی راحت اللہ کی خوشنودی۔ اللہ کی ناراضگی۔ پیپ ۔سانپ بچھو ۔اللہ کا دیدار﴾

جنت کی نعمتیں	دوزخ کا عذاب

اساتذۂ کرام کاپی جانچ لینے کے بعد جنت کی نعمتوں اور دوزخ کے عذاب سے متعلق سوال بھی کریں

ہمارے نبی ﷺ سے پہلے

کافروں کے کام

چاند، سورج کی عبادت کرنا	درخت، دریا کی عبادت کرنا
پتھر کے بت بنانا	پتھر کے بتوں کی عبادت کرنا
شراب پینا	شراب پی کر لڑنا
جُوا کھیلنا	جوا کھیل کر لڑنا

کافروں کا عورتوں پر ظلم

لڑکیوں کو زندہ گاڑ دینا	لڑکیوں کو زندہ گاڑ کر خوش ہونا
بیوہ عورتوں کو زندہ جلانا	بیوہ عورتوں کو زندہ جلا کر خوش ہونا

سب سے زیادہ موزوں جواب کا انتخاب کیجیے اور خالی جگہ پُر کیجیے

﴿۱﴾ کفّار لڑکیوں کو زندہ گاڑ کر ------------------------------

(ناراض ہوتے تھے) (روتے تھے) (خوش ہوتے تھے)

﴿۲﴾ کفّار بیوہ عورتوں کو ------------------------------

(مدد کرتے تھے) (زندہ جلا دیتے تھے) (تسلّی دیتے تھے)

﴿۳﴾ ہمارے نبی ﷺ کے آنے سے پہلے لوگ ------------------ کی عبادت کرتے تھے۔

(اللہ) (دیوتاؤں)

﴿۴﴾ ہمارے نبی ﷺ جب دنیا میں آئے تو دنیا میں ---------

(حضرت عیسیٰؑ موجود تھے) (کوئی نبی نہ تھا)

﴿۵﴾ اب اللہ ہمارے نبی ﷺ کے بعد ------------------------

(کوئی نبی نہ بھیجے گا) (حضرت عیسیٰؑ کو بھیجے گا)

﴿۱﴾ کیا ہمارے نبی ﷺ کے بعد کوئی نبی آئے گا؟

﴿۲﴾ ہمارے نبی ﷺ کے آنے سے پہلے لوگ کس کی عبادت کرتے تھے؟

﴿۳﴾ ہمارے نبی ﷺ کے آنے سے پہلے لوگ بیوہ عورتوں پر کیا ظلم کرتے تھے؟

﴿۴﴾ لڑکیوں پر کیا ظلم کرتے تھے؟

﴿نیچے کے جملوں میں جواب تلاش کرو﴾

ہمارے نبی ﷺ کے آنے سے پہلے لوگ پتھر کے بتوں کی اور چاند، سورج درخت اور دریا کی عبادت کرتے تھے۔لڑکیوں کو زندہ گاڑ دیتے تھے۔اور زندہ گاڑ کر خوش ہوتے تھے۔

بیوہ عورتوں کو زندہ جلا دیتے تھے۔اور زندہ جلا کر خوش ہوتے تھے۔ ہمارے نبی ﷺ کو اللہ نے سب نبیوں کے بعد بھیجا اب ہمارے نبی ﷺ کے بعد اللہ کوئی نبی نہیں بھیجے گا

قرآن سے محبت
رسول سے محبت
چاند کی عبادت
سورج کی عبادت
اللہ ان سے خوش
عورتوں پر ظلم
شراب پینا
بتوں کی عبادت
صرف اللہ کی عبادت کرنا
جوا کھیلنا
بت بنانا
لائن کھینچ کر غباروں کو صحیح
ہاتھ سے ملا دیجئے
مسلمان کا ہاتھ
کافر کا ہاتھ

مکّہ

مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پر کیجئے

ملک عرب، مکہ ،کعبہ شریف ، اللہ کا گھر

﴿۱﴾ دنیا کا سب سے پُرانا شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے

﴿۲﴾ مکہ شہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں آیا ہے

﴿۳﴾ ہر سال ہزاروں مسلمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔حج کرنے جاتے ہیں

﴿۴﴾ حضرت ابرہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ دونوں نے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔بنایا

﴿۵﴾ اللہ کا گھر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کہلایا

﴿۶﴾ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی طرف منھ کرکے سب مسلمان نماز پڑھتے ہیں

ہر دائرہ کو مناسب دائرہ سے ملائیے

کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں

(ملک) ۔(عرب) ۔ (پُرانا)۔ (کعبہ) ۔ (مشہور)

ان الفاظ سے خانوں کو پر کیجئے

ملک	عرب	کعبہ	پُرانا	مشہور

محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ واٰلِہ وسلّم

پڑھو اور لکھو

سلام ہو ہمارے نبی پر	درود ہو ہمارے نبی پر

کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں

خاندان ، قریش ، بنو ہاشم ، سردار ، بی بی آمنہ

عبداللہ ، بڑی عزت

ذیل کے دائروں میں جواب تلاش کیجئے اور خالی جگہ پُر کیجئے

ہمارے سچّے نبی ﷺ کا نام ____________________ تھا

نبی ﷺ کے والد صاحب کا نام ____________________ تھا

ہمارے نبی ﷺ کی ماں کا نام ____________________ تھا

عبداللہ کے باپ کا نام ____________________ تھا

عبدالمطلب خاندان ____________________ سے تھے۔

کعبہ ____________________ ہے۔

____________________ ملک عرب کا مقدس شہر ہے۔

قریش

محمد

عبداللہ

عبدالمطلب

مکہ

اللہ کا گھر

آمنہ

ہمارے نبیؐ کا بچپن

صحیح جواب پر نشان لگائیے

ہمارے نبیؐ کو دودھ کس نے پیلایا؟

﴿صرف بی بی آمنہ نے﴾ ﴿صرف دائی حلیمہ نے﴾

﴿بی بی آمنہ اور دائی حلیمہ﴾

دائی حلیمہ کے پاس ہمارے نبیؐ کتنے دن رہے؟

﴿دو برس﴾ ﴿ایک ماہ﴾ ﴿ایک ہفتہ﴾

﴿ایک سال﴾

بی بی آمنہ کے انتقال کے بعد ہمارے نبیؐ کس کے پاس رہے

﴿دادا عبدالمطلب﴾ ﴿چچا ابوطالب﴾

ماں کی وفات کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر کتنے سال کی تھی؟

﴿۸سال﴾ ﴿۶سال﴾ ﴿۱۰سال﴾

دادا عبدالمطلب کے انتقال کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر کتنے سال کی تھی؟

﴿۸سال﴾ ﴿۶سال﴾ ﴿۱۰سال﴾

دادا عبدالمطلب کے کتنے بیٹے تھے

﴿۸﴾ ﴿۵﴾ ﴿۱۰﴾

ہمارے نبی ﷺ
ہر خانے کو مناسب خانے سے ملائیے
آپؐ کا نام
عبداللہ
آپؐ کی والدہ کا نام
محمدؐ
آپؐ کے چچا کا نام
دائی حلیمہ
آپؐ کے دادا کا نام
ابو طالب
آپؐ کے والد کا نام
عبدالمطلب
آپ کی رضاعی ماں
آمنہ
33

ہرطرف	چل بسیں	تھوڑے	چھایا	اندھیرا

ہمارے نبیؐ کی جوانی

﴿۱﴾ مکہ کے لوگ کیسے تھے؟ اور وہ کیا کرتے تھے؟

﴿۲﴾ حضورؐ کو سچّا اور امین کیوں کہتے تھے؟

﴿۳﴾ حضور کی شادی کس کے ساتھ ہوئی؟

﴿۴﴾ آپؐ تجارت کس طرح کرتے تھے؟

﴿نیچے کے جملوں میں جواب تلاش کرو اور استاذ کو سناؤ﴾

ہمیشہ سچ بولتے تھے ۔سب کی چیزیں سچائی کے ساتھ رکھتے تھے اور سچائی کے ساتھ واپس کر دیتے تھے اسلئے مکہ کے لوگ آپؐ کو سچّا اور امین کہتے تھے

﴿آپس میں لڑتے اور پتھر کے بت پوجتے تھے بُرے کام کرتے تھے شراب پیتے تھے﴾

﴿ہمارے نبی ﷺ کی شادی حضرت خدیجہؓ سے ہوئی﴾

﴿ہمارے نبی ﷺ تجارت بہت سچائی کے ساتھ کرتے تھے﴾

خالی جگہ پُر کیجیے

ہمارے نبیؐ نے ______________ سے پہلی شادی کی

حضرت خدیجہؓ ایک ______________ تھیں

آپؐ تجارت ______________ ساتھ کرتے تھے

ہمارے نبیؐ کو لوگ ______________ کہتے تھے

ہمارے نبیؐ ______________ سے نفرت کرتے تھے

﴿حضرت خدیجہؓ، شراب، نیک اور سچی بی بی، سچائی، سچا اور امین﴾

ہمارے نبیؐ کے کام

بتوں کی پوجہ سے نفرت	ہمیشہ سچ بولنا
بُرے کاموں سے نفرت	امانت واپس کرنا
شراب سے نفرت	لڑنے سے بچنا

ذیل کے خانوں کو ہمارے نبیؐ کے کام سے پُر کیجیے

شراب سے نفرت

ہمارے نبیؐ کی حضرت خدیجہ سے چھ اولاد ہوئیں

نبی ہوتے ہیں؟

﴿۱﴾ ہمارے نبیؐ غارِ ______________ میں جایا کرتے تھے

﴿۲﴾ حضرت جبرئیل ______________ ہیں

﴿۳﴾ فرشتے اللہ کی ______________ کرتے ہیں

﴿۴﴾ حضرت جبرئیلؑ نے آپؐ کو ______________ سنایا

﴿۵﴾ حضرت جبرئیل نے ہمارے نبیؐ کو ______________ سنایا

﴿۶﴾ اللہ کے ______________ فرشتے ہیں

ذیل کے خانوں سے خالی جگہ پُر کیجئے

قرآن	بہت

اللہ کے فرشتے	حِرا	اللہ کا پیام	عبادت

صحیح جواب پر نشان لگائیے

جبرئیلؑ نے ہمارے نبیؐ کو سب سے پہلا اللہ کا پیام کہاں سنایا؟

بیت اللہ میں ◌ آپ کے مکان میں ◌ غار حرا میں

غار حرا کہاں ہے

خانۂ کعبہ میں ◌ مکہ کے قریب ایک پہاڑ میں

جبرئیلؑ نے ہمارے نبیؐ کو سب سے پہلے قرآن کہاں سنایا؟

خانۂ کعبہ میں ◌ آپ کے مکان میں ◌ غار حرا میں

ہمارے نبیؐ روزانہ کہاں جایا کرتے تھے؟

خانۂ کعبہ میں ◌ غار حرا میں ◌ جنگل میں

سب سے پہلے حضرت جبرئیل نے ہمارے نبی کو قرآن کی کون سی آیت سنائی

اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

کیا آپ جانتے ہیں

فرشتے خدا تعالی کی ایک مخلوق ہیں، نور سے پیدا ہوئے، ہماری نظروں سے غائب ہیں، نہ مرد ہیں نہ عورت، خدا کی نافرمانی اور گناہ نہیں کرتے، جن کاموں پر اللہ نے لگایا ہے ان ہی میں لگے رہتے ہیں، ان کی گنتی خدا تعالی کے سوا کوئی نہیں جانتا، ہاں ہمیں اتنا معلوم ہے کہ فرشتے بہت ہیں۔ ان میں سے چار فرشتے مقرّب و مشہور ہیں حضرت جبرئیلؑ، حضرت اسرافیلؑ، حضرت میکائیلؑ، حضرت عزرائیلؑ (حضرت جبرئیل اللہ کا پیام نبیوں تک لاتے تھے اللہ تعالی نے حضرت میکائیلؑ کو بارش برسانے کا کام سپرد کر رکھا ہے۔ حضرت عزرائیل موت کے فرشتے ہیں لوگوں کی موت سے پہلے ان کے پاس آتے ہیں اور ان کے جسم سے روح نکالتے ہیں وہ ایمان والوں کو جنت کی خوشخبری دیتے ہیں۔ حضرت اسرافیلؑ قیامت میں اللہ کے حکم سے صور پھونکیں گے۔ ان چار فرشتوں کے علاوہ منکر نکیر دو فرشتے ہیں جو قبر میں مردوں سے سوال و جواب کرتے ہیں۔ ہمارے دائیں اور بائیں کندھوں پر دو فرشتے ہیں جو ہمارے اچھے بُرے اعمال لکھتے ہیں جن کو کراما کاتبین کہتے ہیں

فرشتوں کے ناموں کو ان کے کاموں سے ملائیے

حضرت جبرائیلؑ	قیامت میں صور پھونکیں گے
حضرت اسرافیلؑ	اللہ کا پیغام پیغمبروں تک پہچانا
حضرت میکائیلؑ	مردوں سے سوال کرنا
حضرت عزرائیلؑ	اللہ کے حکم سے بارش برسانا
منکر نکیر	ہمارے اعمال لکھنا
کراماً کاتبین	موت کے وقت جسم سے روح نکالنا

ہمارے نبیؐ نے کیا کہا

خالی جگہ پُر کیجئے

اللہ .... ہے اور کوئی .... نہیں ہے

ایک اللہ کی ہم .... کریں ، اور کوئی اللہ نہیں

جس کی ہم .... کریں

میں اللہ کا .... ہوں۔ اللہ کے نبی اور رسول کا

...............مانو۔

﴿ایک﴾ ﴿اللہ﴾ ﴿عبادت﴾ ﴿رسول اور نبی﴾ ﴿کہنا﴾

سوالات:۔

﴿۱﴾ نبی کس کو کہتے ہیں؟

﴿۲﴾ رسول کس کو کہتے ہیں؟ ﴿۳﴾ کیا ہر رسول نبی ہوتا ہے؟

﴿وہ خاص لوگ جنھیں اللہ تعالی نے لوگوں تک اپنا پیغام پہچانے کے لئے چنا انبیاء کہلاتے ہیں﴾ ﴿کچھ پیغمبروں پر اللہ کی کتابیں نازل ہوئیں انھیں رسول کہتے ہیں﴾ ﴿پیارے بچو یاد رکھو ہر رسول نبی ہوتا ہے۔﴾

سب سے پہلے کون مسلمان ہوا؟ ہر خانے میں جواب لکھیئے

مردوں میں	حضرت
عورتوں میں	حضرت
بچوں میں	حضرت
غلاموں میں	حضرت

ہر خانے میں ترجمہ لکھو

لَا	
اِلٰہ	
اِلّا	
اللّٰہ	
مُحَمّد	
رسول اللہ	

پہاڑی کا وعظ

سب سے زیادہ موزوں جواب کا انتخاب کیجیۓ

﴿۱﴾ پہاڑی پر سے آپؐ نے مکہ والوں سے کیا سوال کیا؟

(۱) اگر میں کہوں پہاڑی کی دوسری طرف تمہارا دشمن ہے، تو تم سچ مانوگے

(۲) اگر میں کہوں پہاڑی کی دوسری طرف آگ ہے، تو تم سچ مانوگے

(۳) اگر میں کہوں پہاڑی کی دوسری طرف پانی ہے، تو تم سچ مانوگے

﴿۲﴾ مکہ والوں نے آپؐ کو کیا جوب دیا ؟

(۱) ہم سچ مانیں گے آپ ہم سب لوگوں میں سچے ہیں، ہم آپ کو سچا جانتے ہیں

(۲) ہم آپ کی تصدیق نہیں کرینگے۔

﴿۳﴾ ہمارے نبیؐ نے مکہ والوں کو کس بات سے ڈرایا؟

(۱) اللہ کے بڑے عذاب سے

(۲) دنیا کی تکلیفوں سے

(۳) مال دولت اور اولاد کی تنگی سے

﴿۴﴾ ہمارے نبیؐ نے مکہ والوں کو کس بات کی طرف بلایا ؟

(۱) اللہ کو ایک مانو ۔میں تم کو ایک اللہ کی طرف بلاتا ہوں

(۲) (تجارت کی طرف)

(۳) (دنیا کی طرف)

﴿۵﴾ پھر مکہ والوں نے کیا کیا؟

(۱) سب کافر خفا ہوگئے اور ہمارے نبیؐ اور ہمارے نبیؐ کے اچھے ساتھیوں کو ستانا شروع کیا

(۲) ایک اللہ پر ایمان لے آئے

وعظ	پہاڑی	خفا	ساتھیوں

خانوں میں مذکور الفاظ کے معنی بتاؤ

مُصِیبتیں

﴿صحیح جواب پر گول دائرہ بنائیے۔اور خالی جگہ پُر کیجیۓ﴾

﴿۱﴾ ہمارے نبیؐ کے .... میں کانٹے بچھاتے تھے

﴿گھر راستہ صحن﴾

﴿۲﴾ راستہ میں کانٹے بچھا کر .... ہوتے تھے

﴿ناراض ۔ خوش ۔ غمگین﴾

﴿۳﴾ ہمارے نبیؐ کو .... سے مارتے تھے۔

﴿پتھروں ۔ لاٹھی ۔ کنکر﴾

﴿۴﴾ ہمارے نبیؐ کو پتھروں سے مارتے اور .... تھے

﴿ہنستے ۔ روتے ۔ مسکراتے﴾

﴿۵﴾ ہمارے نبیؐ کے ساتھیوں کو .... سے باندھتے تھے

﴿رسّی ۔ زنجیر﴾

﴿۶﴾ رسّی سے باندھ کر پتھریلی زمین پر .... تھے

﴿کھینچتے لٹاتے بیٹھاتے﴾

﴿۷﴾ ہمارے نبیؐ کے ساتھیوں کو گرم گرم .... پر لٹاتے تھے

﴿بالو ۔ پتھر ۔ دیوار﴾

﴿۸﴾ گرم گرم بالو پر لٹا کر .... پر گرم پتھر رکھتے تھے۔

﴿سر ۔ پیٹ ۔ سینہ﴾

﴿۹﴾ قید کرتے تھے اور قید کر کے .... نہیں دیتے تھے

﴿کھانے کو ۔ سونے کو ۔﴾

﴿کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں﴾

ساتھیوں ، بچھا کر ، رسّی ، پتھریلی ، کھینچتے ،

گرم ، بالو ، لٹا کر ، قید ، سینہ

مذکور الفاظ اپنی کاپی میں پانچ پانچ مرتبہ لکھو

سوالات

۱۔ مکہ کے لوگ ہمارے نبیؐ کو کس طرح ستاتے تھے؟

۲۔ مکہ کے لوگ ہمارے نبیؐ کے ساتھیوں کو کس طرح ستاتے تھے؟

۳۔ ہمارے نبیؐ اور آپ کے ساتھی کیا کرتے تھے؟

ذیل کے جملوں میں جواب تلاش کرو

ہمارے نبیؐ کے راستہ میں کانٹے بچھاتے تھے اور خوش ہوتے تھے اور پتھروں سے مارتے تھے اور ہنستے تھے

ہمارے نبیؐ کے ساتھیوں کو رسّی سے باندھتے تھے اور پتھریلی زمین پر کھینچتے تھے۔ گرم گرم بالو پر لٹا کر سینہ پر گرم گرم پتھر رکھتے تھے قید کرتے تھے اور کھانے کو نہیں دیتے تھے۔

ہمارے نبیؐ اور انکے اچھے ساتھی طرح طرح کے دکھ سہتے تھے طرح طرح کے دکھ سہہ کر اللہ کی باتیں سب کو بتاتے تھے اللہ کی باتیں سب کو بتا کر خوش ہوتے تھے۔

مکہ سے دُور

ذیل کے دائروں میں جواب تلاش کیجیۓ اور خالی جگہ پُر کیجیۓ

﴿۱﴾ جن لوگوں نے اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کا کہنا مانا وہ ______________ ہوئے

﴿۲﴾ جن لوگوں نے اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کا کہنا نہیں مانا وہ ______________ ہوئے

﴿۳﴾ بادشاہ نجاشی حضرت جعفرؓ کی تقریر سن کر بہت ______________ ہوا

﴿۴﴾ کافروں کی بات بادشاہ نجاشی نے ______________________________

﴿۵﴾ کافر اپنے کام میں ______________________ ہوئے

کافر | خوش | نہ مانی | ناکام | مسلمان | ناراض

﴿ کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں ﴾

دور ، حبش ، نجاشی ، کہنا ، پوجا ، مردار ، لوٹ

مذکور الفاظ اپنی کاپی میں پانچ پانچ مرتبہ لکھو

(۱) مسلمان کون کہلایا؟ ( )

(۲) کافر کون کہلایا ؟ ( )

(۳) حبش کا ملک کہاں ہے؟ ( )

(۴) حبشہ کا بادشاہ کون تھا؟ ( )

(۵) کیا بادشاہ نجاشی نے کافروں کی بات مان لی؟ ( )

(۶) کافر مکہ سے حبشہ کیوں آئے ؟ ( )

سوالات پر جواب نمبر لگاؤ

(۱) بادشاہ نجاشی نے کافروں کی بات نہیں مانی

(۲) عرب سے دور ایک ملک ہے

(۳) جن لوگوں نے اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کا کہنا مانا وہ

(۴) جن لوگوں نے اللہ اور اللہ کے نبی ﷺ کا کہنا نہیں مانا وہ

(۵) حبشہ کے بادشاہ کا نام نجاشی تھا

(۶) مسلمانوں کو ستانے کے لئے کافر حبشہ آئے

صحیح جواب کا انتخاب کیجیے

جب مسلمانوں نے بہت دُکھ اٹھائے تو ہمارے نبی نے کیا کہا؟

(۱) تم میں سے جس کا جی چاہے حبش چلا جائے

(۲) تم میں سے جس کا جی چاہے مدینہ چلا جائے

بادشاہ نجاشی حضرت جعفرؓ کی تقریر سن کر کیا کہا؟

(۱) تم بے دین ہو حبش سے واپس لوٹ جاؤ

(۲) بہت خوش ہوا اور مسلمان ہو گیا

کیا کافر حبش میں اپنے کام میں کامیاب ہوئے

(۱) ہاں کافر کامیاب ہو کر مکہ واپس لوٹے

(۲) کافر اپنے کام میں ناکام ہوئے اور ناکام ہو کر مکہ لوٹے

پیارے بچوں حضرت جعفرؓ کی اچھی تقریر یاد کرو اور اپنے دوستوں کو سناؤ

حضرت جعفر نے کہا:۔ہم بتوں کو پوجتے تھے۔ہم مردار کھاتے تھے۔ہم ایک دوسرے سے لڑتے تھے۔ہم ایک دوسرے کو ستاتے تھے۔ہم بُرے تھے۔ہمارے کام بُرے تھے۔ہم میں اللہ نے ایک نبیؐ پیدا کیا۔اللہ نے بہت اچھا نبیؐ پیدا کیا۔اچھے نبیؐ نے ہم کو اللہ کا راستہ بتایا۔اچھے نبیؐ نے بتوں کی پوجا سے چھڑایا۔ایک دوسرے سے محبت کرنا سکھایا۔نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا سکھایا اللہ کے راستے میں خرچ کرنا بتایا۔آپس میں مل کر رہنا بتایا بادشاہ نجاشی حضرت جعفرؓ کی تقریر سن کر بہت خوش ہوا۔اور مسلمان ہو گیا کافر اپنے کام میں ناکام ہوئے

نوٹ :۔اساتذۂ کرام سے گذارش ہے کہ بچّے زبانی یاد نہ کر پائیں تو ان پر زیادہ بوجھ نہ ڈالیں ترغیب سے کام لیں انشاءاللہ بہت مفید ہوگا

صحیح جواب پر گول دائرہ بنائیے۔اور خالی جگہ پُر کیجیۓ

﴿۱﴾ حبشہ سے ناکام واپس لوٹنے کے بعد کافروں نے ہمارے

(نبیؐ کو اور زیادہ ستایا) (نبیؐ کا اکرام کیا) (نبیؐ کا ساتھ دیا)

﴿۲﴾ نبوت کے ---------------------------- کے دن بعد

حضرت امیر ہمزہؓ مسلمان ہوئے

(نبوت کے چھ برس بعد)

(حضرت عمرؓ کے مسلمان ہونے کے تین دن بعد)

﴿۳﴾ حضرت عمرؓ حضرت امیر حمزہؓ کے مسلمان ہونے کے

_______________ دن بعد مسلمان ہوئے

(ایک سال بعد) (تین دن بعد) (ایک ہفتہ کے بعد)

﴿۴﴾ گھاٹی میں حضورؐ اپنے خاندان والوں کے ساتھ __________

تک قید رہے

(تین برس) (تین دن) (دس سال)

﴿۵﴾ حضرت خدیجہ کا انتقال ________________________ ہوا

(نبوت کے دسویں سال) (نبوت کے پانچ سال بعد)

سوالات

﴿۱﴾ حبش سے ناکام لوٹنے کے بعد کافروں نے کیا کیا؟

﴿۲﴾ کافروں نے ہمارے نبیؐ سے کیا کہا؟

﴿۳﴾ ہمارے نبیؐ نے کیا جواب دیا؟

﴿۴﴾ حضورؐ اور آپ کے ساتھیوں نے گھاٹی میں کیا کیا مصیبتیں اُٹھائی؟

﴿ذیل کے جملوں میں جواب تلاش کیجیے﴾

گھاٹی کی تکالیف

ہمارے نبیؐ اپنے خاندان والوں کے ساتھ ایک گھاٹی میں تین برس تک قید رہے۔گھاٹی میں کافروں نے غلّہ جانا بند کردیا ۔گھاٹی میں کافروں نے آنا جانا بند کردیا۔غلّہ نہ ہونے سے فاقے ہوتے تھے۔آپؐ کے خاندان کے بچّے فاقے سے روتے تھے بچّوں کا رونا کافر سنتے تھے اور خوش ہوتے تھے۔

کافروں کا للچانا

حبشہ سے ناکام لوٹنے کے بعد کافروں نے چاہا کے آپ ؐ کو للچا کر اللہ کا پیام سنانے سے روک لیں کافروں نے کہا:۔

اگر تم مال چاہتے ہوں تو ہم تم کو بہت سا مال دے دیں اور تم مالدار بن جاؤ۔ اگر تم بادشاہ بننا چاہتے ہو تو ہم تم کو بادشاہ بنالیں اور تم بادشاہ بن جاؤ اگر تم بیمار ہو تو ہم تمہارا علاج کریں اور تم ہمارے بتوں کو بُرا کہنا چھوڑ دو

ہمارے نبی ؐ کا جواب

ہمارے اچھے نبی ﷺ نے کہا :۔

میں بیمار نہیں ہوں مجھے علاج کی ضرورت نہیں ۔میں مالدار نہیں بنوں گا ،مجھے مال کی ضرورت نہیں۔میں بادشاہ نہیں بنوں گا ، مجھے بادشاہت کی ضرورت نہیں میں اللہ کا پیام لایا ہوں۔میں اللہ کا پیام سب کو سناؤں گا۔میں اللہ کا قرآن لایا ہوں۔میں اللہ کا قرآن سب کو سناؤ گا ۔

صحیح جواب پر نشان لگائیں

۱ ہمارے نبیؐ نے مسلمانوں کو کافروں کی تکلیفوں سے بچانے کے لئے حبش روانہ کردیا

صحیح | غلط

۲ حضرت ہمزہؓ آپؐ کے چچا ہیں

صحیح | غلط

۳ حضرت عمرؓ حضرت حمزہؓ سے پہلے اسلام لائے

صحیح | غلط

﴿۴﴾ کافر ایک اللہ کی عبادت کرتا ہے

صحیح	غلط

﴿۴﴾ آپ ﷺ کے خاندان کے بچوں کا رونا سن کر کافر خوش ہوتے تھے

صحیح	غلط

کیا آپ جانتے ہیں یہ بچے کیوں روتے تھے، کتاب سے جواب تلاش کرو اور استاذ کو سناؤ

کیا تم یہ الفاظ جانتے ہو

بعد ، ناکام ، پیام ، بڑھتی ، گھاٹی

غلہ ، فاقے ، خاندان ، نجات ، بڑھانا

مذکورہ الفاظ اپنی کاپی میں پانچ پانچ مرتبہ لکھو

سوالات

۱۔ مدینہ کے کچھ لوگ مکہ آکر کیا کرتے تھے؟

۲۔ ہمارے نبیؐ نے کس صحابی کو مدینہ بھیجا؟

۳۔ ہمارے نبیؐ نے اُس صحابی کو مدینہ کیوں بھیجا؟

۴۔ حضورؐ نے مسلمانوں کو مدینہ جانے کی اجازت کیوں دی؟

ذیل کے جملوں میں جواب تلاش کیجیے

۱۔ ہمارے نبیؐ نے حضرت مصعبؓ کو دین کی باتیں بتانے اور اللہ کا پیام سنانے کیلئے مدینہ بھیجا۔

۲۔ مدینہ کے کچھ لوگ مکہ آکر اللہ کا پیام سنتے تھے اور مسلمان ہوتے تھے

۳۔ ہمارے نبیؐ نے حضرت مصعبؓ کو مدینہ بھیجا۔

﴿۴﴾ مدینہ میں تھوڑے مسلمان ہو گئے اور وہ ہمارے نبیؐ کی خدمت کے لئے تیار ہو گئے ادھر مکہ میں مسلمان مصیبت میں گرفتار تھے، اور اسلام کے لئے اپنا گھربار چھوڑنے کے لئے تیار تھے تو ہمارے نبیؐ نے اپنے ساتھیوں کو مدینہ جانے کی اجازت دے دی

مسلمانوں نے مکہ میں کیا چھوڑا	مسلمان مدینہ کیا ساتھ لائیں

فہرست کی مدد سے خانوں میں جواب تحریر فرمائیں

(۱) گھربار (۲) باپ (۳) ایمان (۴) دین

(۷) حضورؐ کی محبت (۵) بھائی (۶) رشتہ دار

(۸) اللہ کا پیام اور قرآن (۹) سب کچھ چھوڑ کر

ہجرت

﴿ صحیح جواب پرنشان لگائیں ﴾

﴿۱﴾ جب مسلمان مکہ میں تھوڑے رہ گئے تو کافروں نے حضورؐ کیلئے کیا مشورے کئے؟

(۱) ایک نے کہا مکہ سے نکال دو، دوسرے نے کہا مسلمانوں کے نبی کو قید کردو، تیسرا بولا قتل کردو سب کے بعد ابو جہل نے مشورہ دیا اور سب نے اس کے مشورہ پر عمل کیا

(۲) اللہ کے نبیؐ کا ساتھ دو

(۳) اللہ کے نبی کی بات مان لو اور بتوں کی عبادت چھوڑ دو

﴿۲﴾ ابو جھل نے حضور کے لئے کیا مشورہ دیا؟

(۱) مکہ سے نکال دو

(۲) مسلمانوں کے نبی کو قید کردو

(۳) ہر خاندان کا ایک شخص جمع ہو کر رات کے اندھیرے میں آپؐ کے گھر کو گھیر لے صبح نماز کے وقت آپ گھر سے نکلیں تو سب آپ پر حملہ کر کے آپ کو قتل کردیں

﴿۳﴾ کافروں کے برے ارادے ہمارے نبی ﷺ کو کیسے معلوم ہوئے؟

(۱) کسی کافر کے خبر دینے سے

(۲) فرشتے کے خبر دینے سے

(۳) وحی کے ذریعہ

﴿۴﴾ اللہ نے ہمارے نبی ﷺ کو کس جگہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا؟

(۱) ملک شام (۲) حبشہ

(۳) مدینہ منورہ (۴) مکہ

﴿۵﴾ ہمارے نبی اپنے گھر سے ہجرت کے لئے کب روانہ ہوئے؟

(۱) صبح کے وقت (۲) شام کے وقت

(۳) رات کے وقت (۴) دوپہر کے وقت

﴿۶﴾ جب ہمارے نبی اپنے گھر سے نکلے تو بستر پر کس کو لٹایا؟

(۱) حضرت ابوبکرؓ (۲) حضرت علیؓ

(۳) حضرت عثمانؓ (۴) حضرت عمرؓ

﴿۷﴾ ہمارے نبی اپنے گھر سے نکل کر سب سے پہلے کہاں تشریف لے گئے؟

(۱) اپنے دوست حضرت ابوبکرؓ کے گھر

(۲) خانۂ کعبہ میں (۳) غارِ ثور میں

﴿۸﴾ ہمارے نبی ہجرت کے لئے کس کے ہمراہ چلے؟

(۱) حضرت عثمانؓ (۲) حضرت علیؓ

(۳) حضرت ابوبکرؓ (۴) حضرت عمرؓ

۹ آپ ﷺ اور آپ کے ساتھی نے غار ثور میں کتنے روز قیام کیا؟

(۱) ایک ماہ (۲) دس روز

(۳) تین روز (۴) ایک ہفتہ

۱۰ غار ثور سے مدینہ کی طرف آپ کون سی سواری پر سوار ہوئے

(۱) خچر (۲) گدھے

(۳) اونٹنی (۴) گھوڑے

۱۱ سواری کے لئے اونٹیاں کہاں سے آئیں؟

(۱) فرشتے لیکر آئے (۲) حضرت ابوبکرؓ کے مکان سے

۱۲ سواری کے لئے کتنی اونٹنیاں تھیں؟

(۱) دو اونٹنیاں (۲) ایک اونٹنی

۱۳ آپ ﷺ کے ساتھ کون سوار تھا؟

(۱) فرشتہ (۲) حضرت ابوبکرؓ (۳) رہبر

۱۴ دوسری اونٹنی پر کون سوار ہوا تھا؟

(۱) حضرت ابوبکر (۲) راستہ بتانے والے دو رہبر

(۳) حضرت جبرئیل (۴) حضرت علیؓ

ہجرت

ہر خانے کو مناسب خانہ سے ملائیے

مکہ سے	مدینہ
غار ثور سے	غار ثور
رفیق سفر	تین روز
غار کا قیام	اونٹنیاں
سواری	حضرت ابوبکرؓ

ہمارے نبی ﷺ مدینہ میں

ہر خانے کو مناسب خانہ سے ملائیے

مہاجر	مدینہ کے مسلمان جنھوں نے مہاجروں کی مدد کی
انصار	مکہ کے مسلمان جو گھر بار چھوڑ کر مدینہ آئے
منافق	صرف حضرت موسیٰؑ کو نبی مانتے ہیں اور ان کی شریعت پر عمل کرتے ہیں
یہود	ظاہر میں مسلمان لیکن اندر سے کافر

﴿ذیل کے جملوں کو پڑھیں اور بتائیں کہ وہ صحیح ہیں یا غلط﴾

مسلمان بچیاں ہمارے نبیؐ کے مدینہ آنے پر خوشیاں مناتی تھیں

صحیح　　　　غلط

مہاجر اور انصار اپنے نبی کے شیدائی تھے

صحیح　　　　غلط

مہاجر اور انصار ایک دوسرے کے دشمن تھے

صحیح　　　　غلط

اوپر کے غلط جملوں کو صحیح کیجیے

مدینہ کے یہود ہمارے نبی کے دوست تھے

صحیح | غلط

منافق ہمارے نبیؐ اور مسلمانوں کے دوست تھے

صحیح | غلط

سچوں کے ساتھ اللہ کی مدد ہوتی ہے

صحیح | غلط

اوپر کے غلط جملوں کو صحیح کیجئے

سوالات

۱۔ مہاجر کون تھے؟

۲۔ انصار کون تھے؟

۳۔ مدینہ میں مسلمانوں کے کون دشمن تھے؟

۴۔ یہود اور منافق آپ کے ساتھ کیا دشمنی کرتے تھے؟

۵۔ مکہ کے کافر اب حضورؐ کو کس طرح پریشان کرتے تھے؟

جوابات پر سوال نمبر لگائیں

☆ مکہ کے کافر اور مدینہ کے یہود اور منافقین آپ کے دشمن تھے

☆ مکہ کے کافر مدینہ کے یہود سے ملکر مسلمانوں سے لڑتے تھے
اور مکہ سے آ کر مسلمانوں پر حملے کرتے تھے

☆ جنھوں نے مکہ کے مسلمانوں کی مدد کی

☆ مکہ کے مسلمان جنھوں نے اللہ کے لئے اپنا گھر بار چھوڑا

☆ منافقین دھوکہ دیتے اور یہود دھوکہ بھی دیتے اور مکہ کے
کافروں سے ملکر لڑتے بھی تھے

آپس میں ایک دوسرے سے سوالات کر کے جوابات طلب کیجیئے

لڑائیاں

فہرست الفاظ کی مدد سے خانوں کو پر کیجیے

﴿تین سو تیرہ﴾ ﴿ایک ہزار﴾ ﴿مسلمانوں کی﴾ ﴿جگہ کا نام﴾
﴿کافروں کی﴾ ﴿پہاڑ کا نام﴾ ﴿ابو جہل، عتبہ﴾ ﴿ستّر﴾
﴿دو دانت﴾ ﴿حضرت حمزہؓ، حضرت مصعبؓ﴾

مسلمانوں کی تعداد بدر میں	
کافروں کی تعداد بدر میں	
بدر میں جیت	
بدر میں ہار	

احد میں جیت

احد میں ہار

بدر میں مارے جانے والے
دو بڑے سردار

احد میں شہید ہونے والے
صحابہ میں سے دو کے نام

احد میں شہید ہونے والے
صحابہ کی تعداد

احد میں ہمارے نبیؐ کے
کتنے دانت شہید ہوئے

احد میں جیت کے باوجود نقصان

کچھ مسلمانوں کو آپؐ نے ایک پہاڑی پر پہرہ دینے کے لئے کھڑا کیا تھا مسلمانوں کی جیت کی خوشی میں وہ اپنے پہرہ سے ہٹ گئے اس سے مسلمانوں کو بڑا نقصان ہوا

احد میں ہمارے نبیؐ کی تکالیف

ہمارے نبیؐ کے دو دانت شہید ہوگئے اور سر مبارک میں زخم آیا جس سے ہمارے نبی کے جسم مبارک پر خون بہہ رہا تھا اور آپؐ کے چچا حضرت حمزہؓ بھی شہید ہوگئے

گذشتہ خانوں کی مدد سے جواب دیجیئے

۱ بدر میں مسلمان کتنے تھے؟

۲ بدر میں کافر کتنے تھے؟

۳ بدر میں فتح کس کی ہوئی؟

۴ بدر میں کافروں کے کون بڑے بڑے سردار مارے گئے

۵ احد کی لڑائی میں جیت نے کے بعد بڑا نقصان کیوں ہوا؟

۶ احد کی لڑائی میں آپ کے کوں بڑے بڑے صحابی شہید ہوئے؟

۷ احد کی لڑائی میں حضور ﷺ کو کیا تکالیف پہونچیں؟

۸ احد کی لڑائی میں کتنے صحابہ شہید ہوئے؟

﴿۱﴾ خندق کی لڑائی کس کی شرارت سے ہوئی ؟

﴿۲﴾ اس لڑائی کو خندق کی لڑائی کیوں کہتے ہیں؟

﴿۳﴾ اس لڑائی میں کافروں کے قدم کیوں اکھڑ گئے؟

﴿۴﴾ خیبر کی لڑائی میں کس کی جیت ہوئی ؟

﴿جوابات پر سوال نمبر لگائیں﴾

☆ خیبر کی لڑائی میں مسلمانوں کی جیت ہوئی ﴿ ﴾

☆ خندق کی لڑائی یہودیوں کی شرارت سے ہوئی ﴿ ﴾

☆ اس لڑائی میں ہمارے نبیؐ نے مدینہ کے گرد خندق کھودی تھی اس لئے اس کو خندق کی لڑئی کہتے ہیں ﴿ ﴾

☆ سخت ہوا کی وجہ سے کافروں کے خیمے اکھڑ گئے اور خیموں کے ساتھ ان کے قدم بھی اکھڑ گئے ﴿ ﴾

﴿کیا آپ یہ الفاظ جانتے ہیں﴾

﴿دشمنی میں چور یعنی دشمنی میں پاگل﴾ ﴿خیبر مدینہ سے دور ایک جگہ کا نام﴾

﴿شرارتوں سے باز نہ آئے یعنی شرارتوں سے نہ رکے﴾ ﴿شرارتوں کی صفائی ہوئی یعنی شرارتوں کا خاتمہ ہوا﴾ ﴿قدم اُکھڑ گئے یعنی ہار گئے﴾

جلی لفظوں کے معنی تحریر فرمائیں

ہر خانے میں جلی لفظوں کے معنی تحریر فرمائیں	شرارتوں کی صفائی
باز نہ آئے	دشمنی میں چور
قدم اُکھڑ گئے	خندق
نبی کے شیدائی	خیبر

﴿۱﴾ کافروں نے ہمارے نبیؐ کے ساتھ کب صلح کی؟

﴿۲﴾ صلح کے باوجود مکہ والوں کے خلاف لشکر لیکر آپ کو کیوں چلنا پڑا؟

﴿۳﴾ مکہ کے راستہ میں آپ کو کون ملا اس نے کیا کیا؟

﴿۴﴾ فتح مکہ کے بعد ہمارے نبیؐ نے کافروں کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا؟

﴿۵﴾ کعبہ کے بتوں کو حضورؐ نے کیا کیا؟

﴿جوابات پر سوال نمبر لگائیں﴾

☆ ابوسفیان ﴿ ﴾

☆ جب کافروں کو خندق کی لڑائی میں شکست ہوئی اور خیبر میں یہودیوں کی شرارتوں کا خاتمہ ہو گیا تو کافروں نے مسلمانوں سے صلح کرلی ﴿ ﴾

☆ کعبہ کے بتوں کو حضورؐ نے توڑ دیا ﴿ ﴾

☆ جنھوں نے معافی مانگی ان کو معاف کر دیا اور جو بھاگ گیا اس کو چھوڑ دیا ﴿ ﴾

☆ صلح کے دو برس کے بعد کافروں نے غدّاری کی اور خانہ کعبہ میں دو مسلمانوں کو شہید کر دیا تو ہمارے نبیؐ کو مجبوراً مکہ کی طرف لشکر لیکر چلنا پڑا ﴿ ﴾

﴿ذیل کے جملوں کو پڑھیں اور بتائیں کہ وہ صحیح ہیں یا غلط﴾

خندق کی لڑائی کے بعد کافروں نے ہمارے نبیؐ سے صلح کر لی

صحیح غلط

مکہ کے راستہ میں سب سے پہلے ابوجہل ملا

صحیح غلط

فتح مکہ سے پہلے ابوسفیان کافروں کے سردار تھے

صحیح غلط

اوپر کے غلط جملوں کو صحیح کیجیۓ

خندق کی لڑائی سے پہلے ابوسفیان مسلمان ہو گئے

صحیح

غلط

کعبہ کے بتوں کو حضورؐ نے نہیں توڑا

صحیح

غلط

دشمنوں کو ہمارے نبیؐ نے معاف کردیا

صحیح

غلط

اوپر کے غلط جملوں کو صحیح کیجئے

نبوت کے تئیس برس

فہرست کی مدد سے خانوں کو پر کیجیے

﴿۱۳﴾ ﴿۱۰﴾ ﴿۲۳﴾ ﴿۴۰﴾ ﴿۶۳﴾

نبوت کے بعد مکہ کا قیام	
نبوت کے بعد مدینہ کا قیام	
نبوت کا زمانہ	
نبوت سے پہلے کا زمانہ	
ہمارے نبیؐ کی کل عمر شریف	

﴾خانوں میں جواب تحریر فرمائیں﴿

﴾۱﴿ فتح مکہ کے بعد سارے عرب میں کون سی چیز بلند ہوئی؟

﴾۲﴿ سارے عرب کو کن چیزوں سے نجات ملی؟

﴾۳﴿ ہمارے نبی ﷺ کو اللہ نے اپنے پاس کب بلا لیا؟

جب اسلام کا بول بالا ہوا	اور ہر طرف
ہمارے نبی ﷺ کا	پورا ہوا

﴾۴﴿ توحید کا نور اور کفر کا اندھیرا کہاں ہوتا ہے؟

ہماری سچّی آرزوئیں

ایک مانیں گے	سچا جانیں گے	عمل کریں گے	پڑھیں گے
چلیں گے	سچا مانیں گے	نمونہ بنائیں گے	چلائیں گے
نیکی	سب لوگوں کو	نیک بنے	کہنا مان کر
اللہ کی چوکھٹ پر	جھکائیں گے	نبی کا لایا ہوا پیام	

لا اِلٰہَ اِلا اللّٰہُ مُحَمّدٌرَسُوْلُ اللّٰہِ

﴿مذکورہ خانوں کی مدد سے خانہ پوری کیجئے﴾

اللہ کو ایک .... اور رسول کو .... اور قرآن کو

.... قرآن ....اور قرآن کی باتوں پر ہم خود

.... ہمارے نبی کی پیاری زندگی کا حال ....

اور اس کو اپنے لئے ....اس پیارے نمونہ پر خود......

.... اور دوسروں کو .... ہمارے نبیؐ کے صحابہ اللہ

اور رسول کا کہنا مان کر............... ہم بھی اللہ اور رسول کا...............

نیک بنیں گے اور نیک بن کر .... پھیلائیں گے...............

اللہ کی طرف بلائیں گے .... پر سب کے سر جھکائیں گے اور

.... سب کو سنائیں گے ☆☆☆☆☆☆

...............کا ڈنکا دنیا میں بجائیں گے اور

﴿ ہم اللہ اور اس کے رسول کے شیدائی اور دین کے داعی بنیں گے انشاءاللہ ﴾

﴿ پیارے بچو اللہ تمہاری یہ نیک آرزوئیں پوری فرمائیں آمین ﴾